**08.12.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......................... ماجد علی

**Music**

---

☆ وندے ماترم کے 150 سال مکمل ہونے کے سلسلے میں لوک سبھا میں خصوصی بحث شروع ہوگئی ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے زور دے کر کہا ہے کہ قومی گیت سے ملک کی تحریکِ آزادی میں جوش و ولولہ پیدا ہوا اور اِس سے مجاہدین آزادی کے خوابوں کو پورا کرنے کی ترغیب ملتی رہے گی۔

☆ وزیر اعظم نے کہا کہ قومی گیت کے معاملے پر نہرو دباؤ کے آگے جھک گئے تھے۔

☆ سرکار نے کہا ہے کہ گذشتہ دہائی کے دوران، ملک میں کثیر رخی غربت 29 اعشاریہ ایک سات فیصد سے کم ہوکر 11 اعشاریہ دو آٹھ فیصد رہ گئی ہے۔

☆ دلّی ہوائی اڈے کے حکام نے کہا ہے کہ اُس کی ٹیمیں ہوائی جہازوں کی پروازوں میں خلل کو کم سے کم کرنے اور مسافروں کیلئے بلا رکاوٹ سفر کو یقینی بنانے کی خاطر سبھی متعلقہ فریقوں کے ساتھ سرگرم تال میل قائم کیے ہوئے ہے۔

☆ تھائی لینڈ نے کمبوڈیا سے متصل متنازعہ سرحدی علاقے پر حملے کیے ہیں۔ دونوں ملکوں نے ایک دوسرے پر پھر سے جارحیت کا الزام لگایا ہے۔

☆ اور مردوں کی ہاکی میں بھارت اور میزبان جنوبی افریقہ کے درمیان تین میچوں کی سیریز کا دوسرا میچ آج رات کیپ ٹاؤن میں کھیلا جائے گا۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے.............

**LS - Vande Matram**

قومی گیت وندے ماترم کو 150 سال مکمل ہونے کے سلسلے میں لوک سبھا میں بحث شروع ہوگئی ہے۔ 1875 میں بنکم چندر چیٹر جی نے یہ قومی گیت تحریر کیا تھا۔

بحث کا آغاز کرتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ وندے ماترم کے منتر نے پورے ملک کو قوت اور تحریک بخشی اور تحریکِ آزادی میں جوش پیدا کردیا۔ جناب مودی نے کہا کہ آج پوتر وندے ماترم کو یاد کرنا ایوان کے سبھی ارکان اور ہموطنوں کیلئے بہت فخر اور شان کی بات ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ وندے ماترم کے 150 سال، عظیم باب اور شان کو پھر

سے قائم کرنے کا ایک موقع ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ قومی گیت وندے ماترم کی بدولت 1947 میں ملک کو آزادی حاصل ہوئی۔

**PM - Vande Matram**

وزیر اعظم نے مزید کہا کہ وندے ماترم ایک ایسی قوت ہے، جو لوگوں کو مجاہدین آزادی کے خوابوں کی تکمیل کیلئے کام کرنے کی ترغیب دیتی ہے۔

**SB - Freedom Fighters**

وزیر اعظم نے کہا کہ جب وندے ماترم کے 100 سال مکمل ہوئے تو اُس وقت ایمرجنسی نے ملک کو ہلا کر رکھ دیا۔ جناب مودی نے کہا کہ ایک ایسے وقت کہ جب بڑے جوش و خروش کے ساتھ قومی گیت کا جشن منایا جانا چاہیے تھا، بھارتی آئین کا گلا گھونٹ دیا گیا اور جو لوگ حب الوطنی کی خاطر جینے مرنے کیلئے تیار تھے، انہیں سلاخوں کے پیچھے قید کردیا گیا۔×

**LS - Poverty**

سرکار نے کہا ہے کہ گذشتہ دہائی کے دوران، ملک میں کثیر رخی غربت 29 اعشاریہ ایک سات فیصد سے کم ہوکر 11 اعشاریہ دو آٹھ فیصد رہ گئی ہے۔

آج لوک سبھا میں سوالوں کے وقفے کے دوران جواب دیتے ہوئے محکمۂ خزانہ کے وزیر مملکت پنکج چودھری نے کہا کہ اِس عرصے کے دوران تقریباً 24 کروڑ 80 لاکھ افراد غربت سے باہر آئے ہیں۔ بین الاقوامی غربت کے بارے میں عالمی بینک کی رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ سال 2022-23 میں بھارت کی انتہائی غربت کی شرح کم ہوکر سوا پانچ فیصد ہوگئی، جبکہ سال 2011-12 میں یہ 27 اعشاریہ ایک دو فیصد تھی۔ جناب چودھری نے بتایا کہ اِس عرصے کے دوران انتہائی غربت میں رہنے والے لوگوں کی تعداد 34 کروڑ 40 لاکھ سے کم ہوکر صرف ساڑھے سات کروڑ رہ گئی۔×

**LS - Question**

ثقافت اور سیاحت کے مرکزی وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت نے الزام لگایا ہے کہ مغربی بنگال سرکار نے ریاست میں مذہبی سیاحت کے فروغ کیلئے کوئی تجویز پیش نہیں کی ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ مرکزی سرکار نے ساحلی سرکٹ پہل کے تحت 68 کروڑ روپے دیے تھے، جبکہ پرساد اسکیم کے تحت Belur مٹھ کے فروغ کیلئے 31 کروڑ روپے مہیا کرائے گئے۔

جناب شیخاوت نے الزام لگایا کہ ریاستی سرکار، ریاست میں مذہبی سیاحت کے فروغ کیلئے سودیش دَرشن اور پرساد جیسی مختلف مرکزی اسکیموں میں شامل نہیں ہورہی ہیں۔ لوک سبھا میں ضمنی سوالوں کا جواب دیتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ چونکہ یہ معاملہ ریاست کے دائرۂ اختیار میں آتا ہے۔ اِس لیے ریاستی سرکار پر اِس کی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔

قومی تیرتھ اسکیم میں گنگا ساگر کو شامل کیے جانے کے معاملے پر جواب دیتے ہوئے جناب شیخاوت نے کہا کہ بھارتی دیومالائی داستانوں اور ثقافت میں گنگا ساگر کو بہت اہمیت حاصل ہے، لیکن تفصیلی پروجیکٹ رپورٹ تیار کرنا ریاستی سرکار کی ذمہ داری ہے۔ اِس کے بعد ہی وزارت ضروری کارروائی کرے گی۔

**SB - Gajendra Singh Shekhawat**

## Meghwal- Social Justice

قانون اور انصاف محکمے کے وزیر ارجن رام میگھوال نے کہا ہے کہ گذشتہ 11 برسوں میں نریندر مودی سرکار کی پالیسیوں کی بدولت سماجی انصاف کا بنیادی جذبہ حقیقت کی شکل اختیار کرتا ہوا نظر آنے لگا ہے۔ آج نئی دلّی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے زور دے کر کہا کہ مدرا یوجنا سے شہریوں کی اقتصادی صلاحیت کو مستحکم بنایا گیا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اِس کے نتیجے میں ملک میں 25 کروڑ لوگ غربت کی سطح سے باہر آگئے ہیں۔

جناب میگھوال نے زور دے کر کہا کہ سرکار پورے ملک میں کچے مکانوں کو پکے مکانوں میں بدل رہی ہے اور ہر گھر میں بجلی اور بیت الخلا کی سہولت کو یقینی بنارہی ہے۔×

## RS-Displaced

اقلیتی امور کے وزیر مملکت George کورین نے راجیہ سبھا میں بتایا کہ حکومت، سکھ برادری سمیت اقلیتوں کی فلاح وبہبود کیلئے کئی اسکیمیں نافذ کررہی ہے۔ سوال کا جواب دیتے ہوئے وزیر موصوف نے بتایا کہ پردھان منتری جن وِکاس کاریہ کرم، اقلیتی امور کی وزارت کے تحت نافذ کیا جارہا ہے، جس میں تعلیم، صحت، مہارت اور خواتین کو بااختیار بنائے جانے پر توجہ دی جارہی ہے۔×

## Shivraj - Agribusiness Summit

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شوراج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ سرکار نے مارکیٹ میں اپنی طرف سے قدم اُٹھانے کی اسکیم کے تحت ایک شق کا آغاز کیا ہے، تاکہ کسانوں کو اُن کی پیداوار کیلئے مناسب قیمت کو یقینی بنایا جاسکے۔ وہ آج نئی دلّی میں زرعی کاروبار سے متعلق سربراہ میٹنگ 2025 سے خطاب کررہے تھے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ باغبانی فصلوں کیلئے اگر قیمت ایک مخصوص حد سے نیچے آجاتی ہے، تو سرکار ماڈل شرح اور قیمتِ فروخت کے درمیان فرق کی رقم سیدھے کسانوں کے کھاتے میں جمع کرائے گی۔×

## Delhi Airport Advisory

دلّی ہوائی اڈے کے حکام نے کہا ہے کہ ہوائی اڈے پر پروازوں کی آمد و رفت بلا رکاوٹ جاری ہے، اگرچہ کہ کام کاج سے متعلق وجوہات کی بنا پر کُچھ پروازوں کے اوقات میں تبدیلی کی جاسکتی ہے یا منسوخ کی جاسکتی ہے۔ مسافروں کیلئے جاری کی گئی ایک ایڈوائزری میں دلّی ہوائی اڈے نے کہا ہے کہ اُس کی ٹیمیں کام کاج میں خلل کو کم سے کم کرنے اور مسافروں کیلئے بلا رکاوٹ سفر کو یقینی بنانے کی خاطر سبھی متعلقہ فریقوں کے ساتھ سرگرم تال میل قائم کیے ہوئے ہیں۔

اُس نے مسافروں کو صلاح دی ہے کہ وہ اپنی متعلقہ ایئر لائنز سے رجوع کرکے اپنی پرواز کے بارے میں تازہ جانکاری حاصل کرتے رہیں۔×

**PM Doordarshan Programme**

وزیر اعظم نریندر مودی نے دوردرشن پر نشر ہونے والے پروگرام 'سوپربھاتم' پروگرام کی ستائش کی ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ یہ پروگرام صبح کے وقت تازگی کا احساس دلاتا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اس پروگرام میں یوگا سے لے کر بھارتی طرز زندگی پر مبنی مختلف پہلوؤں پر تبادلۂ خیال کیا جاتا ہے۔

جناب مودی نے خصوصی طور پر اس بات کا ذکر کیا کہ پروگرام کا سنسکرت سُبھاشِتا حصہ بھارت کے ثقافت اور اس کے ورثے کی عکاسی کرتا ہے۔

ڈی ڈی نیوز پر آدھے گھنٹے کا یہ پروگرام، پیر سے جمعے تک صبح 7 بجے نشر کیا جاتا ہے اور اس میں یوگا، بھارتی ثقافت اور اس کے ورثے صحتمند طرز زندگی پر توجہ مرکوز کی جاتی ہے۔×

**Leh - Manali Highway**

سخت سردی کے ناموافق حالات کے مدّ نظر 428 کلومیٹر طویل لیہہ-منالی قومی شاہراہ نمبر 3 آج سے ہر طرح کی موٹر گاڑیوں کی آمد و رفت کیلئے باضابطہ طور پر بند کردی گئی ہے۔ اب یہ شاہراہ سبھی 4 راستوں سے برف ہٹائے جانے کے بعد اگلے سال ٹریفک کیلئے کھولی جائے گی۔ لداخ پولیس نے عوام اور مسافروں کو صلاح دی ہے کہ وہ اِس روٹ پر نہ جائیں۔×

**Goa Arrest**

گوا پولیس نے نائٹ کلب میں لگی آگ کے معاملے میں 4 لوگوں کو گرفتار کیا ہے۔ اِن میں Arpora نائٹ کلب کا جنرل منیجر اور عملے کے تین ارکان شامل ہیں۔ کلب میں لگی زبردست آگ میں 25 لوگوں کی موت ہو گئی تھی اور 6 زخمی ہو گئے تھے۔ پولیس نے نائٹ کلب کے مالکوں، منیجر اور تقریب کا انعقاد کرنے والوں کے خلاف شکایت درج کرنے کے بعد یہ کارروائی کی ہے۔

Arpora-Nagoa پنچایت کے سرپنچ کو بھی سال 2013 میں نائٹ کلب کا تجارتی لائسنس جاری کرنے کیلئے حراست میں لیا گیا ہے۔

اس دوران میڈیا کے لوگوں سے بات کرتے ہوئے گوا کے وزیر اعلیٰ پرمود ساونت نے قصورواروں کے خلاف سخت کارروائی کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ ×

**Punjab Accident**

پنجاب کے لدھیانہ میں کل دیر رات ہوئے ایک کار حادثے میں پانچ افراد کی موت ہوگئی۔ مرنے والوں میں دو کم عمر لڑکیاں اور تین نوجوان شامل ہیں۔ اُن کی لاشوں کو آدھی رات کے بعد سول اسپتال پہنچایا گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق تین لڑکوں کی شناخت ہوگئی ہے اور ان کے گھر والوں کو اطلاع دے دی گئی ہے۔ حادثے کے سبب کی جانچ کی جارہی ہے۔×

**Thailand-Cambodia Airstrike**

تھائی لینڈ اور کمبوڈیا سرحد پر کشیدگی میں اضافہ ہوگیا ہے۔ **Royal Thai** آرمی نے کمبوڈیا کے ساتھ متنازعہ سرحد پر فضائی حملے کئے ہیں۔ دونوں ملک اِن حملوں کیلئے ایک دوسرے کو الزام دے رہے ہیں۔ تھائی لینڈ کے شمال مشرقی **Si Sa Ket** اور **Ubon Ratchathani** صوبوں اور کمبوڈیا کے شمالی سرحدی صوبوں **Preah Vihear** اور **Oddar Meanchey** سے تصادم کی اطلاعات ملی ہیں۔ **Royal Thai** آرمی نے کمبوڈیا کی فورسز پر **Ubon Ratchathani** صوبے میں آج صبح فائرنگ شروع کرنے کا الزام لگایا ہے، جس کی وجہ سے ایک فوجی ہلاک اور 8 دیگر زخمی ہوگئے تھے، جس کے بعد یہ فضائی حملے کئے گئے ہیں۔

تاہم کمبوڈیا کی وزارت دفاع نے ایک بیان میں دعویٰ کیا ہے کہ تھائی لینڈ نے حملہ شروع کیا تھا اور کمبوڈیا نے کوئی جوابی کارروائی نہیں کی، جس کی وجہ سے کشیدگی کو روکا جاسکا۔ دونوں ملکوں نے ایک دوسرے پر جنگ بندی معاہدے کی خلاف ورزی کرنے کا الزام لگایا ہے۔ امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور ملیشیا کی ثالثی میں یہ جنگ بندی معاہدہ کیا گیا تھا۔ اس سال جولائی میں تھائی لینڈ اور کمبوڈیا کے درمیان شدید سرحدی تنازعہ پیدا ہوگیا تھا، جس کے سبب پانچ دن چلنے والی جنگ میں 48 افراد ہلاک ہوئے تھے اور تین لاکھ افراد کو اپنا گھر چھوڑنا پڑا تھا۔×

**Jaishankar-EU**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج نئی دلّی میں یوروپی تجارتی اور اقتصادی سیکیورٹی کمشنر **Maros Sefcovic** سے ملاقات کی۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر ڈاکٹر جے شنکر نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ یوروپی کمشنر اور اُن کی ٹیم بھارت میں اپنے قیام کے دوران ثمرآور تبادلہ خیال کریں گے۔×

**Pakistan - Transporters Stike**

پاکستان میں اسلام آباد اور راولپنڈی میں مقامی ٹرانسپورٹروں نے آج ایک ہڑتال کا اعلان کیا ہے۔ یہ لوگ ایک نئے ٹریفک قانون کے خلاف احتجاج کر رہے ہیں، جس کے تحت بڑی گاڑیوں پر عائد کیے جانے والے جرمانے میں کافی زیادہ اضافہ کر دیا گیا ہے۔

پاکستان دیرینہ ڈھانچہ جاتی کمزوریوں، بڑے بڑے قرضوں کے بوجھ اور بار بار تبدیل کی جانے والی پالیسی کے سبب اقتصادی بحران کا شکار ہے۔

حال ہی میں **IMF** نے، پاکستان کے کمزور مالی بندوبست، کم جوابدہی اور شفافیت میں کمی پر اُس کی نکتہ چینی کی ہے اور اُس نے سرکاری فنڈز کے سیاسی طور پر غلط استعمال کو روکنے کیلئے فوری اصلاحات پر زور دیا ہے۔×

**IMD Weather**

بھارتی موسمیات محکمے نے چھتیس گڑھ، مدھیہ پردیش، اُڈیشہ اور وِدربھ کے بعض حصوں میں سردی کا زور جاری رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔ اِدھر انڈمان ونکوبار جزائر، تمل ناڈو، پدوچیری اور کرائکل میں گرج چمک کے ساتھ بارش ہونے کا امکان

ہے۔

موسمیات محکمے نے آسام، میگھالیہ، ہماچل پردیش، ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تریپورہ اور اُڈیشہ میں اگلے تین دن تک کہیں کہیں گہرا کہرا چھائے رہنے کی پیش گوئی بھی کی ہے۔×

## Hockey - SA Tour

مردوں کی ہاکی میں آج کیپ ٹاؤن میں بھارت اور میزبان جنوبی افریقہ کے درمیان 3 میچوں کی سیریز کا دوسرا میچ کھیلا جائے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات ساڑھے دس بجے شروع ہوگا۔

کل کھیلے گئے پہلے میچ میں بھارت نے جنوبی افریقہ کو 2 کے مقابلے 5 گول سے ہرا دیا۔

بھارت کی طرف سے Shailanand لاکڑا، آدتیہ Lalage، امت روہیداس، ہرمن پریت سنگھ اور دِل پریت سنگھ نے یہ گول کیے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆